لے کر اسے ملک وقوم کے لیے زیادہ سے زیادہ مفید بنائیں۔ اگر اس کتاب کو اساتذہ کے تربیتی اداروں میں شاملِ نصاب کرلیا جائے تو اس سے اچھے نتائج برآمد ہوں گے۔

## (۳)

نام کتاب : تذکرۂ سہروردیہ

مصنف : مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی

ضخامت : 128 صفحات ۔

ملنے کا پتہ: مرکزی انجمن سہروردیہ' F-137 سنٹرل ایونیوروڈ' سائٹ کراچی

مفتی حافظ محمد حسام اللہ شریفی معروف عالم دین ہیں۔ اسلامی موضوعات پر کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ یہ کتاب سلاسل تصوف میں سے ایک سلسلہ ''سہروردیہ'' کے بانی شیخ شہاب الدین عمر سہروردی کے حالات پر مشتمل ہے۔ شیخ شہاب الدین چھٹی صدی ہجری کے بزرگ ہیں۔ ان کا شجرۂ نسب امیر المؤمنین ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ آپ نے عربی اور فارسی میں کئی کتابیں یادگار چھوڑی ہیں' جن میں عوارف المعارف اور رشف النصائح الایمانیہ زیادہ مشہور ہیں۔ عربی اور فارسی میں آپ نے اپنا منظوم کلام بھی چھوڑا ہے۔

تصوف میں دلچسپی رکھنے والے خصوصاً سلسلۂ سہروردیہ کے متعلقین کے لیے یہ معلومات افزا کتاب ہے۔

## (۴)

نام کتاب : ایک آنکھ والا دجال

مصنف : ڈاکٹر گوہر مشتاق

ضخامت : 120 صفحات ۔ قیمت : 70 روپے

ملنے کا پتہ: ادارہ بتول' F-14 سید پلازہ' 30۔ فیروز پور روڈ' لاہور

ڈاکٹر گوہر مشتاق اعلیٰ تعلیم یافتہ' بالغ نظر اور دردِ دل رکھنے والے مسلمان ہیں۔ انہوں نے نیوجرسی ریاست کی رٹگرز (Rutgers) یونیورسٹی سے بایوفزیکل کیمسٹری میں ایم ایس سی کی ڈگری حاصل کی اور وہیں تدریس کے شعبے سے منسلک ہو گئے۔ بہترین کارکردگی کی بنا پر

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com